ششماہی امتحانات جامعہ علوم اثریہ

جامعہ کے شعبہ کتب (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) کے ششماہی امتحانات مورخہ 12 مارچ بمطابق 3 ربیع الاوّل بروز بدھ سے شروع ہوکر مورخہ 20 مارچ بمطابق 11 ربیع الاوّل بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ شعبہ حفظ کے ششماہی امتحانات 4 مارچ بمطابق 25 صفر بروز منگل سے شروع ہوکر 5 مارچ بمطابق 26 صفر بروز بدھ اختتام پذیر ہو چکے ہیں۔ یاد رہے کہ شعبہ حفظ کے مستقل ممتحن استاذ القراء الشیخ قاری محمد ادریس عاصم اور جناب حافظ فیاض احمد (لاہور) ہیں۔

وفیات

جاوید احمد زرگر اور زاہد محمود کو صدمہ

مورخہ 21 فروری بروز جمعرات جاوید احمد زرگر کی والدہ، زاہد محمود (زاہد سینٹری سٹور) کی پھوپھی اور جاسم احمد و حامد احمد کی دادی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ بڑی ہی پرہیز گار اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شاہد عزیز ڈار اور زاہد عزیز ڈار کو صدمہ

شاہد عزیز ڈار اور زاہد عزیز ڈار کی والدہ محترمہ انگلینڈ میں وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ کچھ ہی عرصہ قبل اپنے بیٹوں اور دیگر اعزہ واقارب سے ملنے لندن گئی ہوئی تھیں کہ وقت مقرر آپہنچا، ان کی ڈیڈ باڈی کے ہمراہ ان کے بڑے بیٹے شاہد عزیز اور دیگر رشتہ دار آئے۔ مرحومہ بڑی ہی نیک خاتون تھیں مورخہ 28 فروری بروز جمعرات مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی

شیخ عبدالحمید کو صدمہ

گزشتہ دنوں شیخ عبدالحمید (پنجاب کلاتھ ہاؤس) کی اہلیہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

رانا حاجی محمد اسلم کو صدمہ

جامع مسجد سلطان اہل حدیث (جامعہ اثریہ) کے مستقل نمازی رانا حاجی محمد اسلم کا بھتیجا ملتان میں وفات پاگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے جامع مسجد سلطان میں پڑھائی۔

ادارہ "حرمین" و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)